جلد (۱۴)		نمبر (۱۴)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR, STATE, GAZETTE,

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ جمادی الاول ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری ٹھیکہ لیمون کاغذی	۱
۲	اضافہ ماسٹر گوبند سرن صاحب -	۱و۲
۳	تقرر منشی سعید الدین خانصاحب بعہدہ تحصیلداری نائب	۲
۴	تجویز بابت کاشتکاران قرار شدہ ریاست -	۳
۵	معافی تنزل در ماسمہ ... -	۳
۶	نقشہ بارش	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ٹھیکہ لیمون کاغذی

۲۲ ستمبر ۱۹۲۹ء

مسودہ کاغذات سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری ٹھیکہ لیمون کاغذی بہ نرخ فیصدی ۳۲ پیچھے تین روپیہ بارہ آنہ بنابر مصارف باورچیخانہ جات خاصہ من ابتدا یکم اکتوبر ۱۹۲۹ء لغایت ستمبر ۱۹۳۰ء بنام نظیر احمد بشرائط سابقہ -

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ لیمون کاغذی بہ نرخ تین روپیہ بارہ آنہ بنام نظیر احمد منظور ہے - کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر -

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۵ ستمبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم اکتوبر ۱۹۲۹ء

بموجب گریڈ منظور شدہ مبلغ دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — مرسلہ

جناب عالی

ماسٹر گوبند سرن بی۔ ایس۔ سی۔ ایل۔ ٹی۔ تنخواہ دار ایکسو دس روپیہ ماہوار ۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء سے حسب گریڈ ترقی نمبر مستحق اضافہ مبلغ دس روپیہ ہیں۔ عرضداشت اُمید صدور حکم منظوری اجلاس ہمایون ہو۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

ازحکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

آغا ذاکر حسین ایڈی سی۔ کو عارضی طور پر تحصیلدار ٹانڈہ مقرر کیا گیا تھا اُنکے زمانہ تعیناتی مین علاقہ ٹانڈہ کی آبادی مین ترقی نہین ہوئی۔ لہذا اُنکو واپس اسٹاف کیا جائے۔ اور بجائے اُنکے منشی سعید الدین خان قائم مقام صدر رجسٹرار کو تحصیلداری ٹانڈہ پر مامور کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۵ر ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مراتب مندرجۂ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے کاغذات بغرض کارروائی اجرا احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — مرسلہ

جناب عالی

اسکیم نو آبادی کے موافق جن مواضعات کا انتظام کیا گیا ہے اُنکی آبادی کے لئے شرط ہے کہ ریاست کے کاشتکار آباد نہ کیے جائیں۔ لیکن جو کاشتکار ریاست کے مواضعات سے فرار ہو کر بیرون ریاست چلے گئے ہون اُنکی واپسی پر آبادی دیہات نو آبادی مین آباد کیے جانے کا کوئی قاعدہ مقرر نہین ہوا ہے۔ اس لئے حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔

۱- ریاست سے ایک سال سے کم مدت کا فرار شدہ کاشتکار کسی موضع نو آبادی مین آباد نہ ہوگا۔ اور نہ وہ تعریف آبادی مین شمار ہوگا۔ جو مالگذاران اسکی خلاف ورزی کرینگے وہ سخت نظر سے دیکھے جانے کے قابل ہونگے۔ اور اس کاشتکار کو فوراً گاؤن سے علحدہ کردیا جائیگا۔ تحصیلداران اسکے خاص نگران ہونگے۔

۲- ریاست سے ایسے فرار شدہ کاشتکار جنکو ایک سال سے زیادہ مدت علاقہ غیر مین آباد ہوئے ہو گئی ہو۔ اگر مالگذاران نو آبادی اُنکو وہیں لاکر آباد کرنا چاہین تو اُنکی آبادی بھی علاقہ غیر کی متصور ہوگی۔

۳- مالگذاران نو آبادی کو لازم ہوگا کہ جب کاشتکار فرار شدہ متذکرہ صدر کو اپنے موضع مین آباد کرین تو اُسکی اطلاعی درخواست تحصیل مین اس مضمون سے دینگے کہ فلان کاشتکار فلان موضع ریاست سے فلان سنہ سال فصلی مین فرار ہو کر فلان موضع علاقہ غیر مین فلان سنہ سال فصلی مین آباد ہوا اور فلان تاریخ اُس موضع سے واپس آکر فلان میرے موضع نو آبادی مین آباد ہوا۔ ایسی درخواست پیش ہونے پر تحصیلدار متعلق اُسکی تحقیق و تصدیق کرکے رپورٹ اطلاعی باجلاس اعلےٰ مال مین بھیجیگا۔

تجویز مذکورالصدر بغرض ملاحظہ و صدور حکم منظوری ابلاغ حضور ہے۔ بعد منظوری احکام ضابطہ جاری کراکر اس تجویز کو بغرض اعلان عام درج گزٹ بھی کرادیا جائیگا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منظوری اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

۰۰ر ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء — دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معافی تنزل
۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

محمد شفیع مدرس مدرسہ دھنوری کا دو روپیہ ماہوار تنزل بوجہ خرابی کام تاحکم ثانی یکم اپریل سنہ ۱۹۲۹ء سے کیا گیا تھا مفصل رپورٹ انسپکٹر صاحب سے ظاہر ہے کہ اب نامبردہ کا کام تشفی کے قابل ہے نتیجہ سالانہ بھی اس مدرسہ کا بُرا نہین رہا ہے۔ لہذا اُسکا تنزل یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء سے معاف کیا جاتا ہے تاریخ مذکورہ سے نامبردہ ماہوار تنخواہ پائیگا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۸ ستمبر لغایت ۴ اکتوبر ۱۹۲۹ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش آج	بارش از جون	بارش آج	بارش از جون	بارش آج	بارش از جون	بارش آج	بارش از جون	بارش آج	بارش از جون	بارش آج	بارش از جون
۲۸ ستمبر ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۰	۳۰۲	۰	۳۰۲	۰	۳۰۵	۰	۱۹۶	۰	۱۵۸	۰	۲۹۲
۲۹ ستمبر ،، ،، یکشنبہ		۳۰۲	۰	۳۰۲	۰	۳۰۵	۰	۱۹۶	۰	۱۵۸	۰	۲۹۲
۳۰ ستمبر ،، ،، دوشنبہ	۰	۳۰۲	۳	۳۰۵	۱	۳۰۶	۳	۱۹۹	۰	۱۵۸	۲	۲۹۴
یکم اکتوبر ،، ،، سہ شنبہ	۰	۳۰۲	۴	۳۰۹	۲	۳۰۸	۴	۲۰۳	۲	۱۷۰	۵	۲۹۹
۲ اکتوبر ،، ،، چہارشنبہ	۰	۳۰۲	۰	۳۰۹	۴	۳۱۲	۰	۲۰۳	۱۳	۱۸۳	۵	۳۰۴
۳ اکتوبر ،، ،، پنجشنبہ	۳	۳۰۵	½۷	½۳۱۶	½۱۱	½۳۲۳	½۱۰	½۲۱۳	۰	۱۸۳	۱۷	۳۲۱
۴ اکتوبر ،، ،، جمعہ	۴	۳۰۹	½۲	۳۱۹	۰	½۳۲۳	۰	½۲۱۳	۱۳	۱۸۷	۰	۳۲۱